Urdu/اردو

AEC Australian Electoral Commission

# ریفرنڈم

رفیڈرل ریفرنڈم سے مراد آئین میں کسی مجوّزہ تبدیلی کے متعلق قومی ووٹ ہے۔ آئین وہ بنیادی دستاویز ہے جو ہمارے ملک کا نظام طے کرتی ہے۔ 1901 سے لے کر اب تک 44 ریفرنڈم ہو چکے ہیں۔ اب ہمارے ملک میں ریفرنڈم ہوئے بہت عرصہ گزر چکا ہے – آخری ریفرنڈم 1999 میں ہوا تھا جسے 20 سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے۔

## کن لوگوں کے لیے ووٹ دینا ضروری ہے

ریفرنڈم میں 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے سب آسٹریلین شہریوں کے لیے ووٹ دینا لازمی ہے ضروری ہے کہ بطور ووٹر آپ کا انرولمنٹ (اندراج) ہو چکا ہو اور مندرجہ ذیل صورتوں میں آپ کو اپنی انرولمنٹ کی تفصیلات تازہ کرنی چاہیئں:

- حال ہی میں آپ کا نام یا پتہ بدلا ہے
- آپ 18 سال کے ہو گئے ہیں یا
- آپ آسٹریلیا کے شہری بنے ہیں.

**aec.gov.au** پر جائیں یا AEC کے کسی بھی دفتر سے انرولمنٹ فارم لے لیں۔

## ووٹ کب اور کہاں ڈالا جائے گا

ووٹنگ کے لیے ہفتے کا دن رکھا جائے گا اور ملک بھر میں صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک پولنگ سٹیشن کھلے ہوں گے۔

ووٹنگ کے دن سے پہلے کے ہفتوں میں موبائل پولنگ ٹیمیں بہت سے دور دراز علاقوں میں بھی جائیں گی۔

اگر آپ اس روز ووٹ ڈالنے کے لیے نہیں جا سکتے تو آپ وقت سے پہلے خود جا کر یا بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات ریفرنڈم سے کچھ عرصہ پہلے **aec.gov.au** پر مہیا ہوں گی۔

## ووٹ ڈالنے کا طریقہ

ریفرنڈم میں ووٹ ڈالنے کا طریقہ الیکشن سے مختلف ہے۔ آپ کو صرف ایک بیلیٹ پیپر مکمل کرنا ہو گا۔

بیلیٹ پیپر پر آئین میں مجوّزہ تبدیلی کے بارے میں ایک سوال لکھا ہو گا۔ ووٹ ڈالتے ہوئے، اگر آپ مجوّزہ تبدیلی کو قبول کرتے ہوں تو 'yes' لکھیں یا اگر آپ اسے قبول نہ کرتے ہوں تو 'no' لکھیں۔

پولنگ سٹیشن پر آپ کسی پولنگ اہلکار، دوست یا رشتہ دار سے رسمی ووٹ ڈالنے کے طریقے کے متعلق مدد مانگ سکتے ہیں۔

**اگر آپ سے غلطی ہو جائے تو گھبرائیں نہیں۔**

آپ ایک اور بیلیٹ پیپر مانگ کر اسے بھر سکتے ہیں۔


Commonwealth of Australia
BALLOT PAPER
State/territory

Referendum on proposed Constitution alteration

DIRECTIONS TO VOTER
Write "YES" or "NO" in the space provided opposite the question set out below.

A PROPOSED LAW:
There would be a description of the proposed constitutional change here.

DO YOU APPROVE THIS PROPOSED ALTERATION? YES
WRITE "YES" OR "NO"

AEC Australian Electoral Commission
SAMPLE

بیلیٹ پیپر کا نمونہ

اگر آپ مجوّزہ تبدیلی کو قبول کرتے ہیں تو **YES** لکھیں

یا


Commonwealth of Australia
BALLOT PAPER
State/territory

Referendum on proposed Constitution alteration

DIRECTIONS TO VOTER
Write "YES" or "NO" in the space provided opposite the question set out below.

A PROPOSED LAW:
There would be a description of the proposed constitutional change here.

DO YOU APPROVE THIS PROPOSED ALTERATION? NO
WRITE "YES" OR "NO"

AEC Australian Electoral Commission
SAMPLE

بیلیٹ پیپر کا نمونہ

اگر آپ مجوّزہ تبدیلی کو قبول نہیں کرتے تو **NO** لکھیں

آپ کا جواب انگلش میں لکھا ہونا چاہیے۔

## نتیجہ کیسے طے ہوتا ہے

آئین میں مجوّزہ تبدیلی کے قبول ہونے کے لیے 'دوہری اکثریت' (double majority) ضروری ہے – یعنی:

- تمام سٹیٹس اور ٹیریٹریز میں تبدیلی کے حق میں ڈالے گئے رسمی ووٹ قومی سطح پر اکثریت میں ہوں (50% سے زیادہ)
- سٹیٹس کی اکثریت (یعنی چھ سٹیٹس میں سے کم از کم چار) میں تبدیلی کے حق میں ڈالے گئے رسمی ووٹ اکثریت میں ہوں (50% سے زیادہ)

### ریفرنڈم تب پاس ہوتا ہے جب




تمام سٹیٹس اور ٹیریٹریز کے ووٹروں کی قومی سطح پر اکثریت (آدھی سے زیادہ تعداد) نے **YES** ووٹ دیا ہو۔

چھ سٹیٹس میں سے کم از کم چار میں ووٹروں کی اکثریت (آدھی سے زیادہ تعداد) نے **YES** ووٹ دیا ہو۔

### ریفرنڈم تب پاس نہیں ہوتا جب




تمام سٹیٹس اور ٹیریٹریز کے ووٹروں کی قومی سطح پر اکثریت (آدھی سے زیادہ تعداد) نے **NO** ووٹ دیا ہو۔

کم از کم تین سٹیٹس میں ووٹروں کی اکثریت (آدھی سے زیادہ تعداد) نے **NO** ووٹ دیا ہو۔

**نتیجے کی تعمیل لازمی ہے۔** اس کا مطلب ہے کہ آسٹریلین حکومت ووٹروں کے فیصلے پر عمل کرنے کی پابند ہے۔

## ریفرنڈم کے متعلق غلط تصوّرات کی اصلاح

**غلط تصوّر:** ریفرنڈم کسی بھی موضوع یا کسی بھی قانون کے متعلق ہو سکتا ہے
**حقیقت:** ریفرنڈم صرف آئین میں مجوّزہ تبدیلی کے سوال پر ہوتا ہے۔

**غلط تصوّر:** 2017 میں شادی کے قانون کا سروے ایک ریفرنڈم یا استصواب رائے تھا۔
**حقیقت:** یہ پوسٹل سروے تھا اور اس میں شرکت لازمی نہیں تھی۔

**غلط تصوّر:** ریفرنڈم میں ووٹ دینا لازمی نہیں ہے۔
**حقیقت:** اگر آپ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے آسٹریلین شہری ہیں تو آپ کے لیے ووٹ دینا لازمی ہے۔

**غلط تصوّر:** مجھے الگ سے انرول کرنا پڑے گا۔
**حقیقت:** اگر آپ الیکشن کے لیے انرول کر چکے ہیں تو آپ ریفرنڈم کے لیے بھی انرولڈ ہیں۔ بس یہ چیک کر لیں کہ آپ کی انرولمنٹ کی تفصیلات تازہ ہیں۔

**غلط تصوّر:** میں صرف بذریعہ ڈاک ووٹ ڈال سکتا/سکتی ہوں۔
**حقیقت:** آپ ریفرنڈم کے دن ووٹ ڈال سکتے ہیں یا ریفرنڈم قریب آنے پر aec.gov.au پر وقت سے پہلے خود جا کر یا بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے اپنی اہلیت چیک کریں۔

**غلط تصوّر:** ریفرنڈم پاس ہونے کے لیے YES ووٹوں کی تعداد 70% یا اس سے زیادہ ہونا ضروری ہے۔
**حقیقت:** ریفرنڈم پاس ہونے کے لیے ضروری ہے کہ تمام سٹیٹس اور ٹیریٹریز کے 50% سے زیادہ ووٹروں کے ساتھ ساتھ سٹیٹس کی اکثریت (چھ سٹیٹس میں سے کم از کم چار کے 50% سے زیادہ ووٹروں نے تبدیلی کو منظور کیا ہو۔ اسے 'دوہری اکثریت' کہتے ہیں۔

## AEC کا کردار

AEC قانون کے تحت ایک خودمختار اور غیرجانبدار اتھارٹی ہے۔

ریفرنڈم میں اس کا کردار انرولمنٹ، ووٹنگ اور معلومات کی خدمات فراہم کرنا ہے۔

اگرچہ AEC آسٹریلیا میں سب گھروں کو yes/no پمفلٹ پہنچائے گا، پمفلٹ میں درج معلومات پارلیمنٹ نے فراہم کی ہیں۔ پمفلٹ پہنچانے کے علاوہ AEC کا آئین میں مجوّزہ تبدیلی کی حمایتی یا مخالف مہموں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس ریفرنڈم میں
**معلومات کا ماخذ چیک کریں**

## ٹھہریں اور معلومات کے ماخذ پر غور کریں

ریفرنڈم میں آپ کا ووٹ آسٹریلیا کے لیے ایک اہم فیصلہ کرنے میں مدد دے گا۔

ریفرنڈم کے عرصے میں شاید ایسی معلومات آپ تک پہنچیں جنہیں جان بوجھ کر گمراہ کن بنایا گیا ہو۔

جب آپ کچھ دیکھیں، سنیں یا پڑھیں تو آپ کو چاہیے کہ آپ ٹھہریں، اس کا ماخذ چیک کریں اور اس پر غور کریں۔ اس ریفرنڈم میں غلط معلومات کی وجہ سے گمراہ نہ ہوں۔

معلومات کا ماخذ چیک کرنے کے لیے تجاویز **aec.gov.au** پر دیکھیں۔

AEC Australian Electoral Commission

**aec.gov.au/translated** 1300 720 153

AEC23/1804

الیکٹورل کمیشنر کینبرا کی اجازت سے۔
Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra